سفر آخرت کے راہی

اللھم اغفرلھم وارحمھم وعافھم
واعف عنھم و ادخلھم جنة الفردوس

علامہ عبدالعزیز حنیف جوار رحمت میں

تمام حلقوں میں یہ خبر نہایت حزن وملال کے ساتھ سنی گئی کہ ممتاز عالم دین' نامور خطیب اور ہر دل عزیز شخصیت علامہ عبدالعزیز حنیف مختصر علالت کے بعد رحلت فرما گئے۔(انا للہ وانا الیہ راجعون) آپ کا شمار پاکستان میں صف اول کے علماء کرام' ممتاز خطباء اور سنجیدہ دانشوروں میں ہوتا تھا' آپ کی نماز جنازہ 10 ستمبر 2016ء بروز ہفتہ دن گیارہ بجے اسلام آباد میں امیر مرکزی جمعیت اہل حدیث علامہ پروفیسر ساجد میر نے پڑھائی۔

جس میں تمام شعبہ ہائے زندگی سے متعلق لوگوں کی کثیر تعداد کے علاوہ تمام مسالک کے علماء نے شرکت کی۔ جامعہ سلفیہ فیصل آباد کے اساتذہ وطلبہ کا ایک وفد شیخ الحدیث حافظ عبدالعزیز علوی' شیخ الحدیث مولانا محمد یونس اور پرنسپل جامعہ چودھری محمد یلیین ظفر کی قیادت میں شریک ہوا۔ وفد نے بعد ازاں علامہ صاحب کے لواحقین سے اظہار تعزیت کرتے ہوئے ان کی خدمات کو سراہا اور ان کی بلندی درجات کی دعا کی۔

شاعر اسلام قاری تاج محمد شاکر آف پتوکی کو صدمہ

جماعتی حلقوں میں یہ خبر نہایت افسوس کے ساتھ سنی گئی کہ جماعت کے معروف عالم دین شاعر اسلام قاری تاج محمد شاکر خطیب اعظم پتوکی کی والدہ محترمہ 10 اکتوبر 2016ء کو مختصر علالت کے بعد سو سال کی عمر میں انتقال فرما گئیں۔ (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ بڑی صابرہ' شاکرہ' اور صوم وصلوٰۃ کی پابند شب زندہ دار خاتون تھیں۔ اللہ تعالیٰ ان کی حسنات کو قبول